کے جلی عنوانات کے تحت صحابہ کرام کی سیرت بیان کی ہے۔ زبان و بیان اور انتخاب احوال کا اسلوب بچوں کی فہم سے متناسب ہے۔ صحیح اسلامی تربیت کے لیے بچوں کو ایسی ہی کتابیں پڑھانی چاہئیں تاکہ شروع ہی سے ان کے دل و دماغ پر اسلامی سیرت کے نقوش مرتسم ہوں اور بزرگوں کے نقش و قدم پر چلنے کا جذبہ پیدا ہو۔ (ا-خ)

قومی زبان | تالیف مولنا یعقوب الرحمن صاحب عثمانی لکچرار عثمانیہ کالج (ورنگل) قیمت ۸ر

ملنے کا پتہ: دار التالیف دیوبند۔

اس مختصر رسالہ میں فاضل مؤلف نے ثابت کیا ہے کہ ہندوستان کے لئے اردو زبان ہی ایک مشترک قومی زبان ہو سکتی ہے۔ اس سلسلہ میں انہوں نے اردو زبان کی خصوصیات بڑی خوبی کے ساتھ بیان کی ہیں اور ان اعتراضات کو رد کیا ہے۔ جو اردو پر کیے جاتے ہیں آج کل اردو کے خلاف جو منظم جدوجہد ہو رہی ہے اس کو دیکھتے ہوئے یہ ضروری معلوم ہوتا ہے کہ اس زبان کے حامی اس قسم کے مضامین کو زیادہ سے زیادہ شائع کریں۔ صرف اردو ہی نہیں بلکہ ہندی اور انگریزی اور دوسرے صوبوں کی زبانوں میں بھی ان کی اشاعت ہونی چاہیے۔ (ا-م)

اسلامی علمی زندگی کی درسی کتاب | تالیف سید قاسم حسینی صاحب صفحات ۴۴ مجلد قیمت ۱۲ مکتبہ ابراہیمیہ حیدرآباد دکن

مولف کا مقصد یہ ہے کہ مسلمانوں کو اس قانونِ حیات کی علمی واقفیت اور عملی اتباع کی طرف توجہ دلائیں جو قرآن مجید اور سنت محمدی میں پیش کیا گیا ہے۔ مقصد نہایت مبارک ہے۔ اور مؤلف کی تحریر سے ان کی دردمندی کا بھی پتہ چلتا ہے لیکن خصوصیت کے ساتھ آج کل اسلام کی نمایندگی کے لیے محض دردمندی کافی نہیں بلکہ اس کے ساتھ پختہ کاری، وسعت نظر، اور حکیمانہ اسلوب بیان کی بھی ضرورت ہے۔ اس کتاب میں ان تینوں چیزوں کی کمی پائی جاتی ہے۔ زبان ناقص ہے املا تک درست نہیں جگہ جگہ غیر ضروری مباحث سے بیان میں الجھاؤ پیدا کر دیا گیا ہے۔ اور